NYC HEALTH+ HOSPITALS

# سب کے لیے ٹیکہ کاری

## COVID-19 کے لیے افزائشی ٹیکے اکثر پوچھے گئے سوالات

جنہوں نے COVID-19 کی ویکسین کا بنیادی سلسلہ مکمل طور پر لگوایا ہو، 5 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ایسے افراد کے لیے COVID-19 کے افزائشی ٹیکے لگوانے کی سفارش کی جاتی ہے (5 سے 11 برس کی عمر کے درمیان کے ایسے بچے جنہوں نے اپنی ویکسین کے بنیادی سلسلے کے طور پر Moderna لگوایا ہے، وہ تا حال افزائشی ٹیکے کے لیے اہل نہیں ہیں)۔ 5 سے 11 برس کی عمر کے درمیان کے اہل بچوں کو اصل Pfizer یک گرفتہ (مونوویلینٹ) افزائشی ٹیکہ لگوانا چاہیے۔ 12 برس اور اس سے بڑی عمر کے افراد کو جدید ترین دو گرفتہ (بائے ویلینٹ) افزائشی ٹیکہ لگوانا چاہیے۔

### افزائشی ٹیکہ کیا ہے؟

ویکسین کا بنیادی سلسلہ مکمل طور پر لگوانے کے بعد ویکسین کی ایک اضافی خوراک کو افزائشی ٹیکہ کہتے ہیں، اور اس کو وائرس کے خلاف قوتِ مدافعت بڑھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، چونکہ وقت گزرنے کے ساتھ ویکسین لگوانے سے ملنے والے تحفظ میں کمی واقع ہو سکتی ہے (اس کو قوتِ مدافعت میں کمی کہا جاتا ہے)۔

### افزائشی ٹیکہ کون لگوا سکتا ہے؟

5 سے 11 برس کی عمر کے درمیان کے ہر بچے کو اپنی ویکسین کے بنیادی سلسلے کے طور پر Pfizer کی دوسری خوراک لگوانے کے کم از کم پانچ ماہ بعد یک گرفتہ (مونوویلینٹ) افزائشی ٹیکہ لگوانا چاہیے۔ ایسے افراد جنہوں نے اپنی ویکسین کے بنیادی سلسلے کے طور پر Moderna لگوایا ہے، وہ تا حال افزائشی ٹیکے کے لیے اہل نہیں ہیں۔

12 برس اور اس سے بڑی عمر کے افراد کو صرف جدید ترین دو گرفتہ (بائے ویلینٹ) افزائشی ٹیکہ لگوانے کی ہی اجازت ہے۔ 12 برس اور اس سے بڑی عمر کے افراد اب اصل یک گرفتہ (مونوویلینٹ) افزائشی ٹیکہ نہیں لگوا سکتے۔

12 برس اور اس سے بڑی عمر کے افراد کو اپنی COVID-19 ویکسین کے بنیادی سلسلے کو مکمل طور پر لگوانے یا آخری افزائشی ٹیکہ لگوانے کے کم از کم دو ماہ بعد جدید ترین دو گرفتہ (بائے ویلینٹ) افزائشی ٹیکہ لگوانا چاہیے۔

12 برس اور اس سے بڑی عمر کے افراد کو Pfizer-BioNTech کا جدید ترین دو گرفتہ (بائے ویلینٹ) افزائشی ٹیکہ لگوانے کی اجازت ہے؛ Moderna کا جدید ترین دو گرفتہ (بائے ویلینٹ) افزائشی ٹیکہ لگوانے کی اجازت 18 برس اور اس سے بڑی عمر کے افراد کو ہے۔

### جدید ترین دو گرفتہ (بائے ویلینٹ) افزائشی ٹیکہ اصل یک گرفتہ (مونوویلینٹ) افزائشی ٹیکے سے کس طرح مختلف ہے؟

یہ نیا افزائشی ٹیکہ ''دو گرفتہ (بائے ویلنٹ)'' ویکسین ہے، یعنی یہ ایک نیا فارمولا ہے جس میں اصل ویکسین کے علاوہ اومی کران (Omicron) اور اس کے ذیلی اوضاع BA.4 اور BA.5 کو ہدف بنانے والے نیے ویکسین کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ یہی سبب ہے کہ یہ ''جدید ترین'' ہے۔

### افزائشی ٹیکے کی سفارش کیوں کی جاتی ہے؟

COVID-19 کے ویکسین اب بھی COVID-19 کے باعث ہونے والی شدید بیماری، اسپتال میں داخل ہونے اور اموات کی روک تھام میں مؤثر ہیں۔ تاہم، مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ انفیکشن کے خلاف COVID-19 کے ویکسینوں سے حاصل ہونے والا تحفظ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ لوگوں کے مدافعتی نظام کو ''بڑھا کر'' افزائشی ٹیکہ اضافی تحفظ فراہم کر سکتا ہے، بالخصوص ایسے افراد میں جن میں COVID-19 کی شدید بیماری کا خطرہ زیادہ ہو۔

جاری ہے ◄

## کون سے طبی عارضوں کے باعث COVID-19 کی وجہ سے شدید بیماریوں میں اضافہ ہوتا ہے؟

ایسے طبی عارضے جن کے باعث شدید COVID-19 ہو جانے خطرہ بڑھ جاتا ہے ان میں ذیابیطس، دل کے عارضے (بشمول بلند فشارِ خون)، گردوں کی دیرینہ بیماری، پھیپھڑوں کی دیرینہ بیماری، جگر کی بیماری، سرطان، ذہنی انحطاط، ایچ آئی وی اور حاملہ ہونا شامل ہیں۔ مکمل فہرست کے لیے: cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/needextraprecautions/people-with-medical-conditions.html دیکھیں۔

## کون سے افراد کو جائے کام یا دیگر ماحولات میں COVID-19 لگنے کا خطرہ زیادہ ہے؟

ایسے کام جن کے باعث COVID-19 لگنے کے خطرے میں اضافہ ہو سکتا ہے، ان میں صحت کی دیکھ بھال کرنے والے کارکنان، اساتذہ، ڈے کیئر (دن کی دیکھ بھال) کا عملہ اور ریستوراں اور روزمرہ کی چیزیں فروخت کرنے والی دکانوں پر کام کرنے والے افراد شامل ہیں۔ دیگر ایسی جگہیں جہاں بیماری لگنے کے خطرے میں اضافے کا امکان ہے، ان میں بے گھر افراد کے لیے کی پناہ گاہیں اور جیلیں شامل ہیں۔

## مجھے یہ کیسے پتہ چلے گا کہ مجھے افزائشی ٹیکے کی ضرورت ہے یا نہیں؟

اگر آپ کو یہ معلوم کرنا ہو کہ آیا آپ کو افزائشی ٹیکہ لگوانا چاہیے یا نہیں تو اس بارے میں اپنی صحت کے دیکھ بھال فراہم کنندہ سے بات کریں۔ اگر آپ کو فراہم کنندہ تلاش کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے تو 311 پر یا پھر 212-COVID-19 (212-268-4319) پر کال کریں اور اپنی اہلیت معلوم کرنے کے لیے نرس سے بات کریں۔

## کیا حاملہ، بچوں کو چھاتی کا دودھ پلانے والیں یا حاملہ ہونے کی کوشش کر رہیں خواتین بھی افزائشی ٹیکہ لگوا سکتیں ہیں؟

غیر حاملہ خواتین کے موازنہ میں حاملہ یا حال ہی میں حاملہ ہوئیں خواتین میں COVID-19 کے باعث شدید بیمار پڑنے کا خاطرہ زیادہ ہے۔ حاملہ خواتین کو COVID-19 کے خلاف ویکسین لگوانی چاہیے۔ اگر حاملہ خواتین اہلیت کے معیار پر پورا اترتیں ہیں، تو ان کو بھی افزائشی ٹیکہ لگوانا چاہیے۔

## افزائشی ٹیکہ لگوانے میں کون سے خطرات ہیں؟

افزائشی ٹیکہ لگوانے کے خطرات کے مقابلے میں فوائد بہت زیادہ ہیں۔ ابھی تک افزائشی ٹیکے کے باعث بھی ایسے اقسام کے ردِ اعمال دیکھے گئے ہیں، جیسے ابتدائی خوراکوں میں دیکھے گئے تھے۔ عام طور پر سب سے زیادہ رپورٹ شدہ ضمنی اثرات میں تھکاوٹ اور بازو میں درد شامل تھے۔ زیادہ تر ضمنی اثرات ہلکے سے درمیانہ درجے کے تھے اور وہ خود بہ خود ٹھیک ہوتے ہیں۔

## کیا میرا افزائشی ٹیکہ بھی اسی برانڈ کا ہونا چاہیے جس برانڈ کی ویکسین میں نے پہلے لگوائی ہے؟

ویکسین شدہ افراد وہی افزائشی ٹیکہ لگوا سکتے ہیں جس ویکسین کا بنیادی سلسلہ یا پہلا افزائشی ٹیکہ انہوں نے لگوایا تھا، یا وہ ان کے بدلے دیگر دو اقسام کی ویکسین میں سے کوئی ایک لگوا سکتے ہیں

## اگر ہمیں افزائشی ٹیکے کی ضرورت ہے، تو کیا اس کا مطلب ہے کہ ویکسینیں کام نہیں کر رہیں ہیں؟

جی نہیں۔ COVID-19 کی ویکسینیں شدید بیماری، اسپتال میں داخل ہونے اور موت سے تحفظ فراہم کرنے میں اچھی طرح کام کر رہیں ہیں۔ تاہم، صحتِ عامہ کے ماہرین نے وقت گزرنے کے ساتھ تحفظ میں تھوڑی سی کمی آنے کو دیکھا ہے، بالخصوص کافی زیادہ خطرے والی مخصوص آبادی میں۔

## میں اپنے لیے بلا خرچ افزائشی ٹیکہ کہاں سے لگوا سکتا/سکتی ہوں؟

Pfizer کے جدید ترین افزائشی ٹیکے NYC Health + Hospitals نظام کے 11 اسپتالوں میں دستیاب ہیں۔ Moderna کے جدید ترین ٹیکے NYC Health + Hospitals/Gotham Health کی تمام جگھوں پر دستیاب ہیں۔ آپ کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ آپ پھر اسی جگہ پر جائیں جہاں سے آپ نے اپنی ویکسین کا بنیادی سلسلہ یا پہلا افزائشی ٹیکہ لگوایا تھا۔ منتخب شدہ مقامات پر ملاقات کا وقت متعین کئے بغیر آنے کی سہولیت دستیاب ہے۔ کئی زبانوں میں مدد کے لیے 1-877-829-4692 پر کال کریں۔

## کیا میں دیگر ویکسینوں (مثلاً فلو کی ویکسین) کو لگوانے کے ساتھ ہی افزائشی ٹیکہ لگوا سکتا/سکتی ہوں؟

جی ہاں۔ دیگر ویکسینوں کے ساتھ ایک ہی وقت میں یا اس سے پہلے یا بعد میں افزائشی ٹیکہ لگوانا محفوظ ہے۔ اگر آپ نے ابھی تک فلو کا ٹیکہ نہیں لگوایا ہے تو یہ دونوں NYC Health + Hospitals کی انتہائی دیکھ بھال کے اسپتالوں کے مقامات پر موجود ہیں۔

## کیا ویکسین کا سلسلہ مکمل کرنے کے لیے مجھے افزائشی ٹیکہ لگوانا ہو گا؟

جی نہیں۔ دو خوراکوں والی ویکسین (مثلاً Pfizer یا Moderna) کی دوسری خوراک لگوانے کے دو ہفتوں بعد یا ایک خوراک والی J&J ویکسین لگوانے کے دو ہفتوں بعد لوگوں کو مکمل طور پر محفوظ تصور کیا جاتا ہے۔

## کیا افزائشی ٹیکے لازمی ہوں گے؟

نیو یارک ریاست صحت کی دیکھ بھال کرنے والے محنت کشوں کے لیے پہلی اور دوسری خوراک کو لازمی قرار دیتی ہے۔ لازمی خوراکوں میں افزائشی ٹیکے شامل نہیں ہیں۔

## کیا افزائشی ٹیکے بچوں کے لیے بھی تجویز کئے جاتے ہیں؟

اس وقت 5 برس اور اس سے زیادہ عمر کے تمام افراد کو افزائشی ٹیکہ لگوانے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے (5 سے 11 برس کی عمر کے ایسے بچے، جنھوں نے اپنی ویکسین کے بنیادی سلسلے کے طور پر Moderna لگوایا ہے، وہ تا حال افزائشی ٹیکے کے اہل نہیں ہیں)۔ 5 سے 11 برس کی عمر کے درمیان کے ایسے بچے، جنھوں نے پانچ ماہ سے زیادہ عرصہ قبل اپنی ویکسین کے بنیادی سلسلے کے طور پر Pfizer لگوایا تھا، وہ صرف Pfizer کے یک گرفتہ (مونوولینٹ) افزائشی ٹیکے کے اہل ہیں۔ اپنی COVID-19 ویکسین کا بنیادی سلسلہ مکمل کرنے یا آخری افزائشی ٹیکہ لگوانے کے کم از کم دو ماہ بعد 12 برس اور اس سے بڑی عمر کے بچے جدید ترین دو گرفتہ (بائے ویلینٹ) Pfizer افزائشی ٹیکہ اور 18 اور اس سے بڑی عمر کے افراد جدید ترین دو گرفتہ (بائے ویلینٹ) افزائشی ٹیکہ لگوانے کے اہل ہیں۔



NYC HEALTH+ HOSPITALS
Urdu 09/22